باب نمبر ۱۳

Chapter 13

# طہارت اور لباس پہننے کے اذکار

# ADHKAR FOR CLEANLINESS AND DRESSING

## ۱۰۶۔ بیت الخلاء میں داخل ہونے کی دعا

عَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ اِنَّ ھٰذِہِ الْحُشُوْشَ مُحْتَضَرَۃٌ ،فَاِذَا اَتیٰ اَحَدُکُمُ الْخَلاَ ءَ فَلْیَقُلْ

**” اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِکَ ،مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبآئِثِ“**

( ابوداؤد، ابن ماجہ )

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ”یہ قضائے حاجت کے مقامات (شیاطین اور موذی چیزوں کے ) اڈّے ہیں، لہٰذا جب تم میں سے کوئی قضائے حاجت کیلئے ان میں جانا چاہے تو اللہ کے حضور میں پہلے عرض کرے:” اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ “ ”اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں خبیثوں سے اور خبیثیوں سے“ (ابوداؤد، ابن ماجہ)

## 106. Supplication for entering the toilet

Zayd ibn Arqam رضی اللہ عنہ narrated: The Messenger of Allah ﷺ said: "These privies are the haunts of the devils and harmful things. Therefore, when anyone of you goes there to relieve himself, let him say: I seek refuge in Allah from the foul male and female devils" (Abu Dawud, Ibn Majah)

## ۱۰۷۔ بیت الخلاء سے نکلنے کی دعا

عَـنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَـالَ كَـانَ الـنَّبِـيُّ ﷺ اِذَا خَـرَجَ مِنَ الْخَلاَءِ، قَالَ " اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، الَّـذِیْ اَذْهَـبَ ،عَـنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ " (ابن ماجہ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب حاجت سے فارغ ہوکر بیت الخلاء سے باہر آتے تو کہتے:

**" اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ،الَّذِیْ اَذْهَبَ ،عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِی "**

" حمد وشکر اس اللہ کیلئے جس نے میرے اندر سے گندگی اور تکلیف والی چیز دور فرمادی اور مجھے عافیت اور راحت دی " (ابن ماجہ)

## 107. Supplication for leaving the toilet

Anasرضی اللہ عنہ narrated: Messenger of Allahﷺ , when he came out of the toilet said:"Praise be to Allah who has removed harm from me and kept me in health."

(Ibn Majah)

## ۱۰۸۔ نیا لباس پہننے کی دعا۔ا

عَـنْ عُمَرَ رضی اللہ عنہ قَـالَ قَـالَ رَسُـوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَـنْ لَبِسَ ثَوْباً جَدِیْداً فَقَالَ " اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّـذِیْ كَسَـانِیْ، مَآ اُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِیْ، وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَيَاتِیْ " ثُـمَّ عَـمِـدَ اِلَـی الثَّـوْبِ الَّذِیْ اَخْلَقَ، فَتَصَدَّقَ بِهٖ ،كَانَ فِیْ كَنْفِ اللّٰهِ، وَ فِیْ حِفْظِ اللّٰهِ،وَ فِیْ سَتْرِ اللّٰهِ، حَيًّا وَّ مَیِّتاً ۔ (مسند احمد،ترمذی، ابن ماجہ)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ: جو بندہ نیا کپڑا پہنے اور کہے: " اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ مَآ اُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِی وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَيَاتِیْ " حمد وشکر اس اللہ کیلئے جس نے مجھے وہ لباس عطا فرمایا جس سے میں اپنی پردہ داری کرتا ہوں اور زندگی میں وہ میرے لئے سامانِ زینت بنتا ہے (پھر

وہ بندہ اپنا لباس جو اس نے پرانا کر کے اتار دیا ہے صدقہ کر دے، تو وہ زندگی میں اور مرنے کے بعد اللہ کی حفاظت و نگہبانی میں رہے گا اور اللہ تعالیٰ اسکی پردہ داری فرمائے گا۔)

(مسند احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

## 108. Supplication for wearing a new dress

Umar رضی اللہ عنہ narrated: The Messenger of Allah ﷺ said, "If anyone puts on a new garment and says: "All Praise be to Allah who clothed me with that which I cover my body and with which I attain beauty in my life."

Then if he takes the garment which he has worn out and gives it in charity then he will remain in Allah's protection guardianship and cover as long as he is alive and then even after death.

(Musnad Ahmad, Tirmidhi, Ibn Majah)

## ۱۰۹۔ نیا لباس پہننے کی دعا۔۲

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیْ قَالَ ، کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا اسْتَجَدَّ ثَوْبًا سَمَّاهُ بِاِسْمِهٖ عِمَامَةً، اَوْ قَمِيْصًا، اَوْ رِدَاءً، ثُمَّ يَقُوْلُ" اَللّٰهُمَّ لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ کَسَوْتَنِيْهِ ، اَسْاَلُکَ مِنْ خَيْرِهٖ وَ خَيْرِ مَا صُنِعَ لَهٗ وَ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّهٖ وَ شَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ " (ابوداؤد ، ترمذی)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب کوئی نیا کپڑا پہنتے، پگڑی، کُرتا، یا چادر تو اُس کا نام لے کر اللہ تعالیٰ کے حضور یہ دعا پڑھتے" اے اللہ! تیرے ہی لئے ہر قسم کی تعریف ہے، تو نے ہی مجھے یہ پہنایا۔ میں تجھ سے اسکی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور اس کام کی بھلائی کا جس کیلئے اسے بنایا گیا ہے۔ اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں، اسکے شر سے اور اس کام کے شر سے جس کیلئے اسے بنایا گیا۔"

(ابوداؤد، ترمذی)

## 109.Supplication for wearing a new dress.2

Abu Saeed Khudri رضی اللہ عنہ narrated: Whenever the Messenger of Allah ﷺ would wear new dress,turban, shirt,or shawl he ﷺ would say cloth's name and make this suppliation to Allah "O Allah, "For You is all praise, You have clothed me with it (i.e. the garment), I ask You for the good of it and the good for which it was made, and I seek refuge with You from the evil of it and the evil for which it was made."

(Abu Dawud, Tirmidhi)

## ۱۱۰۔عام لباس پہننے کی دعا

معاذ بن انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جس نے لباس پہن کر یہ کہا اسکے پہلے گناہوں کو معاف کر دیا جاتا ہے''

''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ،الَّذِیْ کَسَانِیْ ھٰذَا ،(الثَّوْبَ) وَرَزَقَنِیْہِ، مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ''.

(ابو داؤد ، ترمذی، ابن ماجه)

''ہر قسم کی تعریف اللہ ہی کیلئے ہے جس نے مجھے یہ (لباس) پہنایا اور اس نے مجھے میری ذاتی قوت اور طاقت کے بغیر عنایت فرمایا.''  (ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ)

## 110. Supplication for clothing

Praise is to Allah who has clothed me with this (garment) and provided it for me, though I was powerless myself and incapable. (Abu Dawud,Tirmidhi,Ibn Majah)

## ۱۱۱۔ نیا لباس پہننے والے کو یہ دعا دیں

حضرت ابونضرۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں، جب رسول اللہ ﷺ کے صحابہ میں سے کوئی نیا لباس پہنتا تو اُسے یہ دعائیہ کلمات کہے جاتے.

دعا نمبر ۱.

" تُبْلِيْ ،وَ يُخْلِفُ اللّٰهُ تَعَالٰى " (ابوداؤد)

تم اسے بوسیدہ کرو، اور اللہ تعالیٰ (تمہیں) اس کے عوض اور دے۔ (ابوداؤد)

## 111. Supplication for the person wearing a new dress:

Abu Nadhrah رضی اللہ عنہ narrated that whenever any Companion of the Messenger of Allah ﷺ would wear new clothes, so every one supplicate for him with these words. ( Abu Dawud)

Supplication No.1

"May you wear it out and Allah replace it (with another),"

(Abu Dawud)

## ۱۱۲۔ دعا نمبر ۲.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو ایک سفید قمیص پہنے ہوئے دیکھ کر فرمایا "کیا یہ دھلا ہوا ہے یا نیا ہے؟ انہوں نے عرض کی، بلکہ یہ نیا ہے، تو آپ ﷺ نے فرمایا:

" اِلْبَسْ جَدِيْدًا ،وَّ عِشْ حَمِيْدًا ،وَّ مُتْ شَهِيْدًا ."

نیا لباس پہنو، قابلِ تعریف زندگی بسر کرو اور شہادت کی موت پاؤ۔ (ابن ماجہ)

## 112. Supplication,No.2

Abdullah Ibn Umarرضی اللہ عنہما narrated: Once the Messenger of Allah ﷺ saw Umar Bin Khattabرضی اللہ عنہ wearing a white shirt, The Messenger of Allahﷺ asked him Is this a new shirt or washed? Umar replied, this is new, so then, Messenger of Allahﷺ supplicate for him " Wear a new dress, live a commendable life and die the death of a martyr."

(Ibn-Majah)